# STANDARD CHARTERED BANK (PAKISTAN) LIMITED

**REGISTERED OFFICE**
Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited
Main Buliding, 3rd Floor,
I.I. Chundrigar Road, Karachi, Pakistan

**SHARE REGISTRAR**
Central Depository Company of Pakistan Limited,
CDC House, 99-B, Block B, SMCHS, Main
Shahra-e-Faisal, Karachi, Pakistan

## NOTICE OF EXTRAORDINARY GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the Extraordinary General Meeting of the shareholders of Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited ("**Bank**") will be held on Monday, 28 April 2016 at 4.00 PM at Moosa G. Desai Auditorium, The Institute of Chartered Accountants of Pakistan ICAP House, Block 8, Clifton, Karachi, to transact the following business:

### ORDINARY BUSINESS

1. To elect seven (7) Directors of the Bank as fixed by the Board of Directors under section 178(1) of the Companies Ordinance, 1984 for a term of three years in place of the following retiring Directors who are eligible for re-election.
   a. Mr. Sunil Kaushal
   b. Mr. Shazad Dada
   c. Mr. Najam I. Chaudhri
   d. Mr. Parvez Ghias
   e. Mrs. Spenta Captain Kandawalla
   f. Mr. Ferdinand Pieterse
   g. Mr. Ian Anderson Bryden

### SPECIAL BUSINESS

2. To consider amendment in the Articles of Association of the Bank subject to approval by the State Bank of Pakistan and Pakistan Stock Exchange and pass the following Special Resolution, with or without amendments:

   "RESOLVED that subject to approval by the State Bank of Pakistan and Pakistan Stock Exchange, the Articles of Association of the Company be and is hereby amended in the manner set out below:

   In Article number 60 of the Articles of Association, a phrase **"and shall be approved by the shareholders in a general meeting on pre or post facto basis"** be inserted at the end of the clause."

   **Note:** A statement of material facts under section 160 (1) (b) of the Companies Ordinance, 1984 relating to the aforesaid special business to be transacted in the said Extraordinary General Meeting is being sent to the shareholders along with a copy of this notice.

### OTHER BUSINESS

3. To transact any other business as may be placed before the meeting with the permission of the chair.

By Order of the Board

**Asif Iqbal Alam**
Company Secretary

Karachi: 07 April 2016

**Notes:**

1. The Share Transfer Books of the Bank will remain closed from 22 April 2016 to 28 April 2016 (both days inclusive).
2. Any person seeking to contest an election to the office of director shall, whether he is a retiring director or otherwise, file the following with the Company Secretary of the Bank at its Registered Office, 3rd Floor, I.I. Chundrigar Road, Karachi, not later than fourteen days before the date of the above said meeting.
   a. Notice of his intention to offer himself for the election as a director, in terms of Section 178 (3) of the Companies Ordinance, 1984. He should also confirm that he is not ineligible to become director of the Standard Chartered Bank (Pakistan) Limited under any applicable laws, regulations, circulars/directives of State Bank of Pakistan and the Code of Corporate Governance of the Securities and Exchange Commission of Pakistan.
   b. Consent to act as a director in Form 28 under Section 184 of the Companies Ordinance, 1984.
   c. Fit and Proper Test proforma, Affidavit and Questionnaire with a copy of recent CV, CNIC/ Passport, Academic Certificates and Photograph in terms of the requirements of State Bank of Pakistan's BPRD Circular No. 04 dated 23 April 2007. A copy of the said Circular with proforma and prescribed Affidavit may be obtained on written request before the due date from the office of the Company Secretary of the Bank.
3. In terms of the criteria prescribed by the State Bank of Pakistan, the association of the following persons as a director is undesirable and against the public interest:
   a. A person who is / has been associated with any illegal activity, especially relating to banking business; and
   b. A person who in his individual capacity or a proprietary concern or any partnership firm or any private limited company or any unlisted public company or any listed public company (of which he has been a proprietor, partner, director or shareholder), has been in default of payment of dues owed to any of the financial institutions and / or in default of payment of any taxes.
4. A member entitled to attend and vote at the above meeting is entitled to appoint another member as his / her proxy to attend and vote instead of him / her. Proxies, in order to be valid, must be received by the Bank at its registered office marked for the attention of the office of the Company Secretary, not less than forty-eight hours before the time for holding the meeting and must be duly stamped, signed and witnessed. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy.
5. Members are requested to notify change in their address, if any, to the Share Registrars, M/s. Central Depository Company of Pakistan Limited, Share Registrar Department, CDC House, 99-B, Block B, SMCHS, Main Shahra-e-Faisal, Karachi – 74400, Toll free: 0800-CDCPL (23275), Fax: (021) 34326053, Email: info@cdcpak.com.
6. **A. For attending the Meeting:**
   i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall authenticate his identity by showing his original Computerised National Identity Card (CNIC) or original passport at the time of attending the Meeting.
   ii) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the Meeting.

   **B. For Appointing Proxies:**
   i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and / or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the Regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.
   ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
   iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
   iv) The proxy shall produce his original CNIC or original passport at the time of the Meeting.
   v) In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted along with proxy form to the Bank.

Standard Chartered

# اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ


رجسٹرڈ آفس
اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ
مین بلڈنگ، تھرڈ فلور،
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، پاکستان

شیئر رجسٹرار
سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ
CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، سندھی
مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہِ فیصل، کراچی، پاکستان


## اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ (''بینک'') کے حصص یافتگان کا غیر معمولی اجلاس عام 28 اپریل 2016 بروز پیر بوقت 04:00 بجے سہ پہر موسیٰ جی ڈیسائی آڈیٹوریم، انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، ICAP ہاؤس، بلاک 8، کلفٹن، کراچی کو درج ذیل کارروائی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی کارروائی:**

1۔ (7) ڈائریکٹرز کا، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (1)178 کے تحت مقرر کئے ہیں، درج ذیل ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز، جو دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہیں، کی جگہ پر 3 سال کی مدت کیلئے انتخاب کرنا۔

الف۔ محترم سنیل کوشال
ب۔ محترم شہزاد دادا
ج۔ محترم نجم آئی چوہدری
د۔ محترم پرویز غیاث
ر۔ محترمہ اسپینا کانڈاوالا
و۔ محترم فرڈیننڈ پیٹرز
ہ۔ محترم جان اینڈرسن بریڈن

**خصوصی کارروائی**

2۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی منظوری سے مشروط بینک کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم پر غور کرنا اور مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد کو بمع یا بغیر ترمیم منظور کرنا:

''قرار پایا کہ بذریعہ ہذا اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی منظوری سے مشروط، کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ذیل میں پیش کردہ انداز پر ترمیم کی جاتی ہے:

آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل نمبر 60 میں ایک جملہ ''**اور جلسۂ عام میں شیئر ہولڈرز کی جانب سے پری یا پوسٹ فیکلو کی بنیاد پر منظور کیا جائے گا**'' کو شق کے آخر میں درج کیا جائیگا''۔

نوٹ: کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (b)(1)160 کے تحت مذکورہ سالانہ اجلاس عام میں عمل میں لائی گئی خصوصی کارروائی سے متعلق حقائق کی دستاویز اس نوٹس کے ہمراہ شیئر ہولڈرز کو ارسال کی جارہی ہے۔

**دیگر کارروائی:**

2۔ اجلاس سے قبل چیئرمین کی اجازت سے کسی دیگر کارروائی کو زیرِ غور لانا۔

بحکم بورڈ

**آصف اقبال عالم**
کمپنی سیکریٹری

کراچی
7 اپریل 2016

**نوٹس:**

1۔ بینک کی حصص کی منتقلی کی کتابیں 22 اپریل 2016 سے 28 اپریل 2016 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔

2۔ کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹرز کے الیکشن میں حصہ لینے کا خواہش مند ہو، چاہے وہ کوئی ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہی کیوں نہ ہو، بینک کے سیکریٹری سے بمقام رجسٹرڈ آفس، تیسری منزل، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی، پر مذکورہ اجلاس سے کم سے کم 14 دن قبل درج ذیل دستاویزات فائل کرے گا۔

a۔ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن (3)178 کے تحت ڈائریکٹر کے الیکشن کیلئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔ وہ اس بات کی بھی تصدیق کریگا کہ کوڈ آف کارپوریٹ گورننس آف سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سرکلرز/ ہدایات، ضوابط، قابل اطلاق قوانین کے تحت کسی بھی طرح وہ اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ کے ڈائریکٹر کے عہدے کیلئے نااہل قرار نہیں دیا جاسکتا۔

b۔ کمپنیز آرڈیننس 1984 کے سیکشن 184 کے فارم 28 کے تحت بطور ڈائریکٹر فرائض انجام دینے کی خواہش کا اظہار۔

c۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے BPRD سرکلر نمبر 4 بتاریخ 23 اپریل 2007 کے تحت فٹ اینڈ پراپر ٹیسٹ پروفارما، حلف نامہ اور سوالنامہ معہ موجودہ CV، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/ پاسپورٹ، تعلیمی اسناد کی نقل اور تصویر۔ مذکورہ سرکلر کی نقل مع پروفارما اور تجویز کردہ حلف نامہ جمع کرانے کی آخری تاریخ سے قبل بینک کے کمپنی سیکریٹری کے آفس سے تحریری درخواست دے کر حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

3۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے متعین کردہ معیار کے مطابق اس فرد جس کا تعلق مندرجہ ذیل عوامل سے ہو، کی بطور ڈائریکٹر تقرری قابل قبول نہ ہوگی اور یہ تقرر عوام کے مفاد میں نہ ہوگا۔

a۔ وہ فرد جو کسی بھی غیر قانونی سرگرمی خصوصاً بینکنگ کاروبار کے حوالے سے ملوث ہو/ رہا ہو۔

b۔ جو انفرادی طور پر کسی ایسی جائیداد کا مالک یا کسی ادارے کا شراکت دار یا ڈائریکٹر یا کسی نجی لمیٹڈ کمپنی یا غیر لسٹڈ پبلک کمپنی یا کسی لسٹڈ کمپنی (جس کا وہ شراکت دار یا شیئر ہولڈر رہا ہو) کا کسی مالی ادارے اور ٹیکسز کے حوالے سے نادہندہ رہا ہو۔

4۔ ایک ممبر جو اس اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ہے وہ اپنی جگہ کسی اور فرد کو بطور اپنے نمائندے یا پراکسی کے طور پر اجلاس میں شرکت، کرنے اور ووٹ دینے کیلئے مقرر کرسکتا ہے اور ایک پراکسی جسے مقرر کیا جائے اسے اجلاس میں شرکت اور بولنے اور ووٹ دینے کے وہی حقوق حاصل ہوں گے جو ایک ممبر کو حاصل ہیں۔ پراکسیز کے مؤثر ہونے کیلئے لازم ہے کہ وہ بینک کو اپنی دستاویزات اسکے رجسٹرڈ آفس پر، جو کمپنی سیکریٹری کے نام ہوں، اجلاس سے 48 گھنٹے قبل اور درست طور پر مہر شدہ، دستخط شدہ اور گواہوں کی موجودگی میں تیار کر کے بھیجیں۔ کسی ممبر کو ایک سے زیادہ پراکسی مقرر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

5۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں ہونے والی کسی تبدیلی سے فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو ان کے ایڈریس سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک B، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، مین شاہراہ فیصل کراچی 74400، ٹول فری (23275) 0800-CDCPL، فیکس (021) 34326053، ای میل info@cdcpak.com پر آگاہ کریں۔

**6۔ (a) اجلاس میں شرکت کیلئے**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا گروپ کے اکاؤنٹ میں سیکیورٹیز کے حامل افراد اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، اسلئے شناخت کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں شرکت کے وقت دکھانا لازمی ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ اینٹیٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ، نامزد کرنیوالے کے دستخط کیساتھ اجلاس کے وقت پیش کرنا لازمی ہوگا (اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے)۔

**(b) پراکسیز کی نامزدگی کیلئے**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر یا گروپ کے اکاؤنٹ میں سیکیورٹیز کے حامل افراد اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کردی گئی ہیں، اس لئے پراکسی فارم مندرجہ بالا قواعد کے مطابق پُر کر کے پیش کرنا ہوگا۔

(ii) پراکسی فارم کا دو افراد سے تصدیق شدہ ہونا لازمی ہے جن کے نام پتہ اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کے نمبر فارم پر لکھے ہوں گے۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ پراکسی اور اصل مالک کے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی منسلک کرنا ہوگی۔

(iv) پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ اجلاس کے وقت دکھانا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ اینٹیٹی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ، نامزد کرنیوالے کے دستخط کے ہمراہ پراکسی فارم کیساتھ بینک میں جمع کرانا ہوگا۔

Standard Chartered